روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpr HAKIKAT TIMES उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर हकीकत टाइम्स

HAKIKAT TIMES
URDU DAILY MUZAFFARPUR
روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور

## ہند-امریکہ تجارتی معاہدہ

مجھ جیسے موم دل سے وہ رکھتا ہے دوستی
سنتے ہیں اس کی آگ سے بھی رسم وراہ ہے

گذشتہ ہفتوں سے جاری کشیدگی کے دوران ہندوستان اور امریکہ کے مابین تجارتی معاہدہ کے امکانات ایک بار پھر ظاہر کئے جارہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ ان کے ملک نے چین کے ساتھ ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط کرلئے ہیں۔ انہوں نے یہ امید بھی ظاہر کی ہے کہ آئندہ دنوں میں ہندوستان کے ساتھ بھی ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط ہوسکتے ہیں۔ یہ ایک بڑا تجارتی معاہدہ ہوسکتا ہے۔ امید کی جارہی ہے کہ 9 جولائی تک کی جو مہلت ہے اس سے قبل ہندوستان کے ساتھ تجارتی معاہدہ پر دستخط ہوجائیں گے۔ ہندوستان کی جانب سے ایک اعلیٰ سطح کا وفد امریکہ پہونچ چکا ہے اور وہاں امریکی عہدیداروں کے ساتھ تجارتی معاہدہ کیلئے بات چیت کا عمل بھی شروع ہوگیا ہے۔ حالیہ وقتوں میں ہندوستان اور امریکہ کے مابین تعلقات میں قدرے کشیدگی دیکھنے میں آئی تھی۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایک سے زائد مواقع پر یہ دعوی کیا تھا کہ انہوں نے ہندوستان اور پاکستان کے مابین جنگ بندی کروائی تھی اور تجارت کو فروغ دینے پر زور دیا تھا۔ ہندوستان نے ہر موقع پر ٹرمپ کے اس دعوی کی تردید کی تھی اور کہا تھا کہ ہندوستان نے پاکستان کی خواہش پر جنگ بندی کی ہے۔ تعلقات میں قدرے کشیدگی ہی اصل وجہ تھی جس کے نتیجہ میں وزیراعظم نریندر مودی نے کناڈا کا دورہ کرنے کے باوجود امریکہ کا دورہ کرنے ٹرمپ کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کردیا تھا۔ ڈونالڈ ٹرمپ دنیا بھر کے معاملات میں اپنے ہی انداز میں اظہار خیال کرنے لگے ہیں اور وہ لگاتار ایسے دعوے کررہے ہیں جن کے نتیجہ میں کئی ممالک میں بے چینی پیدا ہورہی ہے۔ انہوں نے ابتداء تجارت کے شعبہ ہی سے کی تھی اور کئی ممالک پر بھاری شرحیں عائد کردی تھیں۔ ان میں ہندوستان بھی شامل تھا۔ چین پر بھی شرحیں عائد کی گئی تھیں اور چین نے جواب میں امریکی اشیاء پر بھی شرحیں عائد کی تھیں جس کے بعد ٹرمپ کو اپنے موقف میں چین کے تعلق سے نرمی پیدا کرنی پڑی تھی۔ انہوں نے تمام ممالک پر عائد کی گئی شرحوں کو تین ماہ کیلئے التواء میں رکھنے کا اعلان کیا تھا تاکہ تجارتی معاہدے ممکن ہوسکیں۔

ایک طرح سے ڈونالڈ ٹرمپ مختلف ممالک پر دباؤ بنا کر اپنے انداز میں معاہدوں کو قطعیت دینے کی حکمت عملی کو اختیار کئے ہوئے ہیں۔ حالیہ عرصہ میں دیکھنے میں آیا تھا کہ انہوں نے ایران کے ساتھ نیوکلیئر معاہدہ کیلئے دباؤ ڈالا تھا۔ اپنی ہی شرائط پر معاہدہ کرنا چاہتے تھے۔ ایران کے گریز پر اس کے خلاف جنگ شروع کردی گئی۔ اسرائیل کو اس معاملہ میں استعمال کیا گیا۔ اب جبکہ ایران۔ اسرائیل جنگ بند ہوچکی ہے تو کہا جارہا ہے کہ ٹرمپ نے ایران کیلئے تحدیدات ختم کرنے کی گنجائش کے ساتھ بات چیت سے اتفاق کیا ہے۔ شرحوں کے معاملے میں بھی ٹرمپ اسی حکمت عملی پر عمل پیرا دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے پہلے کئی ممالک پر شرحیں عائد کردیں۔ پھر ان شرحوں کو تین ماہ کیلئے معطل رکھا اور ممالک پر دباؤ بنایا گیا کہ وہ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ کو یقینی بنائیں۔ چین نے اپنے موقف کو بھی سخت کیا تو اس کے تعلق سے ٹرمپ کا موقف نرم ہوگیا تھا۔ اب ٹرمپ نے ہندوستان کے ساتھ تجارتی معاہدہ کی امید ظاہر کی ہے تو یہ وضاحت ہونی چاہئے کہ امریکہ نے کوئی شرائط تو عائد نہیں کی تھیں۔ ہندوستان کے معاشی مفادات پر کسی طرح کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہئے۔ تجارت بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے اور اس سے معیشت پر اثرات مرتب ہوتے ہیں تاہم کسی کے دباؤ کو قبول کرتے ہوئے کوئی معاہدہ نہیں کیا جانا چاہئے چاہے وہ امریکہ ہی کیوں نہ ہو۔ دوطرفہ مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے تجارتی معاہدہ کو قطعیت دی جاسکتی ہے۔ حالانکہ حکومت ملک کے مفادات کا تحفظ کرنے کے عہد کی پابند ہے تاہم امریکہ کے کسی جھانسہ میں نہیں آنا چاہئے۔ ملک کے تجارتی مفادات کا پوری طرح سے خیال رکھا جانا چاہئے۔ امریکی شرحوں کے جواب میں خود ہندوستان کو بھی اپنی شرحیں عائد کرنے سے گریز نہیں کرنا چاہئے۔ اگر تجارتی معاہدہ ہوتا ہے تو یہ دونوں ہی ممالک کیلئے نفع بخش ہونا چاہئے۔ صرف امریکی مفادات کی تکمیل سے کام نہیں چل سکتا۔

# ذات پات پر مبنی مردم شماری مودی کا ماسٹراسٹروک

روش کمار

مودی حکومت جس نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کی شدت سے مخالفت کی تھی اب ذات پات پر مبنی مردم شماری کروانے پر راضی ہوگئی ہے۔ پہلگام واقعہ پر تمام طرح کی اعلیٰ سطحی اجلاس کے حوالے سے گودی میڈیا منظرکشی میں یعنی سماباندھنے میں لگا تھا کہ کوئی بڑا فیصلہ آنے والا ہے۔ پاکستان کو جواب دینے کیلئے بڑے فیصلہ کی تیاری ہورہی ہے اور فیصلہ آیا وہ جو پوری طرح اپوزیشن کا موضوع ہے جس کی بار بار اپوزیشن نے مانگ کی تھی۔ کیا آپ کو یاد ہیکہ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات میں وزیراعظم نریندر مودی نے ایک ہیں توسیو ہیں کا نعرہ کیوں دیا تھا؟ اس وقت تو ان سے قربت رکھنے والوں اور بی جے پی کے حامیوں کی جانب سے یہی کہا گیا کہ کانگریس کے ذات پات پر مبنی مردم شماری کے موضوع کا بی جے پی نے توڑ تلاش کرلیا ہے۔ یہ مودی کا ماسٹراسٹروک ہے۔ اب وہی بی جے پی اور وہی مودی حکومت ذات پات پر مبنی مردم شماری کا فیصلہ اپنا بتارہی ہے۔ کیا اس کے حامی اسے بھی ماسٹر اسٹروک بتا پائیں گے؟ وزیراعظم مودی نے ایک جلسہ عام سے خطاب میں کچھ اس طرح کہا ’’آپ کو اس خطرناک سازش سے خبردار اور چوکس رہنا ہے آپ کو یاد رکھنا ہیکہ ایک ہیں توسیو ہیں ایک ہیں توسیو ہیں، انہوں نے عوام سے یہ بھی نعرہ لگانے لگایا‘‘۔ ایک ہیں توسیو ہیں کیا کہا گیا تھا اس کے بارے میں یہی کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کا یہ جواب ہے ٹھیک ہے کہ بی جے پی نے کبھی پوری طرح اس موضوع یا مسئلہ کی مخالفت نہیں کی لیکن اسے ذات پات پر مبنی مردم شماری کرانے کا پورا موقع ملا۔ اس نے تب بھی نہیں کروایا تو اب کیوں یہ فیصلہ لیا گیا کیا یہ مانا جائے کہ پہلگام حملہ کو لیکر جو ماحول بنایا گیا ہے بنایا جارہا تھا حکومت اس سے اب توجہ ہٹا کر ملک کو ذات پات پر مبنی مردم شماری کے موضوع یا مسئلہ پر لے جانا چاہتی ہے۔ تحفظات کی حد 50 فیصد سے کتنی بڑھے گی؟ ان سب سوالات اور مباحث میں الجھانا چاہتی ہے کیونکہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کا مسئلہ اس بات کیلئے بھی ہے اور اس کا یہ بڑا مقصد ہیکہ تحفظات کی حد 50 فیصد سے زیادہ ہونی چاہئے۔ اپوزیشن کیلئے یہ تاریخی لمحات ہیں مگر فیصلہ بی جے پی کا ہے۔ کیا بی جے پی ذات پات پر مبنی مردم شماری کی جھجک سے باہر آگئی ہے۔ اب وہ تحفظات کی حد 50 فیصد کرانے کی تائید وحمایت کرے گی؟ کئی سارے سوال سامنے آرہے ہیں۔ اس وقت مودی حکومت نے یہ فیصلہ کیوں کیا؟ پہلگام حملہ کے تناظر میں اس کی تشریح کیسے کی جائے۔ حکومت کو بھی پتہ ہیکہ اپوزیشن اس فیصلہ کا خیر مقدم کرے گی کیونکہ یہ اس کا اٹھایا ہوا مسئلہ ہے۔ بی جے پی کے حامی انتظار کررہے تھے کہ وزیراعظم نریندر مودی کوئی ایکشن لیں گے ان میں پھر سے مہاناٹک کی شبیہہ بھری جائے گی اور وزیراعظم نریندر مودی فیصلہ کیا لیتے ہیں وہ فیصلہ جس کا تعلق راہول گاندھی سے ہے۔ راہول گاندھی پارلیمنٹ کے اندر اور پارلیمنٹ کے باہر ملک کے کسی بھی کونے میں اپنا خطاب ذات پات پر مبنی مردم شماری کو لیکر ہی کرتے ہیں۔ بیرونی ملکوں کے دوروں پر بھی ان کا خطاب ذات پات پر مبنی مردم شماری سے بھرا ہوتا ہے۔ براون یونیورسٹی کے پروگرام میں بھی راہول گاندھی نے اس کی بات کی۔ ٹھیک ہے تیجسوی یادو نے بھی اس مسئلہ کو اٹھایا۔ نتیش کمار کے ساتھ اتحاد میں رہتے ہوئے تھوڑے عرصہ میں ہی ذات پات پر مبنی مردم شماری کرنے والی ریاست بہار بنی۔ اس وقت تیجسوی دن رات اسے اچھی طرح اٹھاتے تھے، دباؤ بناتے تھے لیکن راہول گاندھی اس مسئلہ کو قومی و بین الاقوامی سطح پر لے گئے۔ کرناٹک میں کانگریس کی حکومت نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کروائی ہے۔ تلنگانہ میں بھی ذات پات پر مبنی مردم شماری ہوچکی ہے۔ نومبر 2024ء میں شروع یہوئی اس مردم شماری میں 50 دن کا وقت لگا۔ ساڑھے تین کروڑ سے زیادہ لوگوں کا سروے ہوا ہے۔ اس مردم شماری کے طریقہ کار پر سوال اٹھائے جارہے ہیں مگر اسے تلنگانہ حکومت کی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ راہول گاندھی بار بار کہتے ہیں کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری ہندوستان کا ایکسرے ہے او بی سی کتنے ہیں باقی ذات پات اور مذاہب کے ماننے والے لوگ کتنے ہیں جب یہ سب اعداد وشمار سامنے آئیں گے تب ہی ملک سب کی حصہ داری دے کر آگے بڑھ پائے گا۔ جس مسئلہ کا چہرہ راہول گاندھی بن چکے ہیں آخر مودی حکومت نے اس پر پہلگام دہشت گردانہ حملہ کے درمیان کیوں مہر لگائی ہے؟ پارلیمنٹ میں خطاب کے دوران راہول گاندھی کا کہنا تھا ’’سیاسی مساوات تباہ ہوجائے گی یہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے الفاظ ہیں اور آج یہ بات سب کے سامنے ہے کہ سیاسی مساوات جو تھی وہ ختم ہوچکی ہے۔ ہندوستان کے سارے اداروں پر قبضہ کرلیا گیا ہے، سماجی مساوات باقی نہیں رہی، معاشی اقتصادی مساوات بھی نہیں رہی۔ اس لئے ہمارا اگلا قدم ذات پات پر مبنی مردم شماری ہوگا۔ ہم ملک کو دکھانا چاہتے ہیں کہ آپ نے کن لوگوں کا اور کہاں کہاں انگوٹھا کاٹا ہے۔ ہم دلتوں کو قبائلوں کو اور پسماندہ طبقات کو کسانوں کو مزدوروں کو دکھانا چاہتے ہیں کہ آپ نے کس کس کا انگوٹھا کاٹا ہے۔ اس لئے جو میں نے وعدہ کیا تھا، اسی ایوان میں یہاں ہم ذات پات پر مبنی مردم شماری لاگو کریں گے اور اس کے بعد ہندوستان میں ایک نئے طریقہ کی ترقی ہوگی۔ ایک نئے طریقہ کی سیاست ہوگی اور جو میں نے پہلے کہا تھا اور جو آپ کو اچھا نہیں لگتا ہے 50 فیصد تحفظات کی حد یا اس دیوار کو ہم یہاں توڑیں گے 50 فیصد تحفظات کی دیوار اور ذات پات پر مبنی مردم شماری ہم یہاں کرواکر دکھائیں گے آپ کو جو کرنا ہے کرلو۔‘‘

ایسا کہاں ہوتا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کے طور پر راہول گاندھی دعویٰ کررہے ہیں کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری ہوکر رہے گی۔ اپوزیشن میں رہ کر گیارنٹی راہول گاندھی دے رہے ہیں اور اس کے دس ماہ بعد مودی حکومت ذات پات پر مبنی مردم شماری کروانے کا فیصلہ لیتی ہے۔ رکن راجیہ سبھا منوج جھا کا بھی ایک بیان یاد آتا ہے انہوں نے کہا تھا کہ یہی حکومت ذات پات پر مبنی مردم شماری کروائے گی گزشتہ دس برسوں میں پہلی بار ہے جب اپوزیشن لیڈر حکومت کو فیصلہ کیلئے مجبور کررہے ہیں۔ مرکزی وزیر اشونی ویشنو پریس کانفرنس کرنے آئے تو انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ہمیشہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کی مخالفت کی ہے۔ آپ بھی جانتے ہیں کہ راہول گاندھی بار بار ذات پات پر مبنی مردم شماری کے سوال کو اٹھاتے رہے ہیں۔ بہار میں ذات پات پر مبنی مردم شماری اس حکومت نے کرائی اس میں نتیش کمار کی پارٹی کے علاوہ آر جے ڈی اور کانگریس بھی شامل تھی۔ 2023ء میں ذات پات پر مبنی مردم شماری کے بعد تحفظات کی حد 50 فیصد سے زیادہ کی گئی۔ بہار حکومت نے تحفظات کی حد بڑھا کر 65 فیصد کردی۔ اس کے علاوہ 10 فیصد معاشی طور پر کمزور لوگوں کیلئے تحفظات دیئے گئے ہیں۔ کانگریس کی کرناٹک حکومت نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کا کام پورا کرلیا ہے تو اب اشونی ویشنو کے کہنے کا کیا مطلب ہے کہ کانگریس اس طرح کی مردم شماری کی ہمیشہ سے مخالف رہی ہے وہ یہ بات کیسے کہہ سکتے ہیں۔ اشونی ویشنو کے مطابق کانگریس کی حکومتوں نے ہمیشہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کی مخالفت کی آزادی کے بعد کی تمام مردم شماری میں ذات پات پر مبنی مردم شماری نہیں کی گئی۔ 1947ء کے بعد سے اگر دیکھا جائے تو سال 2010ء میں سابق وزیراعظم آنجہانی ڈاکٹر منموہن سنگھ جی نے لوک سبھا میں تیقن دیا تھا کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری پر کابینہ میں غور کیا جائے تب ایک وزارتی گروپ بھی قائم کیا گیا جس میں اکثر سیاسی جماعتوں نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کی تائید کی۔ اس کے باوجود کانگریس حکومت نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کے بجائے ایک سروے کرانا ہی ضروری سمجھا۔ یہ حیرت کی بات ہیکہ کانگریس کے ایجنڈہ کو مودی حکومت قبول کررہی ہے اور کانگریس پر ہی تہمت سے ہی پریس کانفرنس شروع کی جارہی ہے کہ کانگریس نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کی مخالفت کی ہے خود بھی بتارہے ہیں کہ دباؤ میں منموہن سنگھ حکومت نے کرایا تو آپ نے ان اعداد وشمار کو جاری کیوں نہیں کیا۔ 2011ء کی مردم شماری میں سماجی ومعاشی سروے ہوا تھا اس کا ہی ڈیٹا آپ نے جاری کیوں نہیں کیا وہی جاری کردیتے تو ذات پات پر مبنی مردم شماری کا مطالبہ یہاں تک نہیں پہنچتا۔ کانگریس کے ترجمان اعلیٰ جئے رام رمیش نے ملک ارجن کھرگے کا ایک مکتوب ایکس پر پوسٹ کیا ہے یہ مکتوب 16 اپریل 2023ء کو لکھا گیا تھا وزیراعظم نریندر مودی کے نام جس میں ان سے کہا گیا تھا کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کروائے اس مکتوب میں یہ بھی لکھا تھا کہ 2011ء میں جو سماجی اقتصادی سروے ہوا تھا، اس کا ڈیٹا ابھی تک جاری نہیں کیا گیا۔ دو سال پہلے کا مکتوب ہے اور اس خط میں ملک ارجن کھرگے لکھ رہے ہیں کہ ہم مئی 2014ء سے مطالبہ کررہے ہیں کہ 2011ء کا ڈیٹا جاری کیجئے لیکن مودی حکومت نے ہمارے مطالبہ کو سنی ان سنی کردیا۔ آج تک وہ اعداد وشمار جاری نہیں کئے گئے۔ راہول گاندھی مسلسل اس مسئلہ کو اٹھا نہیں رہے ہیں بلکہ اسے گہرائی سے خود بھی سمجھنے کی کوشش کرتے جارہے ہیں۔ اپنے یوٹیوب چینل پر راہول گاندھی نے سماجی، سیاسی، مفکرو دانشور پروفیسر سکھ دیو تھوراٹ سے اس مسئلہ پر تفصیل سے بات کی ہے کہیں سے بھی آپ دیکھیں ذات پات پر مبنی مردم شماری کا چہرہ آپ کو راہول گاندھی ہی نظر آئیں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی کا اس بارے میں کوئی ویڈیو ہے جس میں اس طرح سے ذات پر مبنی مردم شماری کے مثبت اور منفی پہلو کو لیکر غور وفکر کررہے ہیں۔ اظہار خیال کررہے ہیں اسے کرانے کو لیکر جگہ جگہ پر خطاب کررہے ہیں؟ مودی حکومت نے ستمبر 2021ء میں سپریم کورٹ میں حلف نامہ داخل کرکے کہا کہ سماجی اقتصادی ذات پات پر مبنی مردم شماری کروانا ممکن نہیں ہے یہ لمبا چوڑا کام ہے جو مشکل ہے۔ اس وقت مہاراشٹرا میں انڈیا اتحاد کی حکومت تھی اس نے اپیل دائر کرکے مانگ کی کہ جب مردم شماری ہو اس میں ہندوستان کے پسماندہ طبقات کی گنتی ہو۔ مودی حکومت جس نے ذات پات پر مبنی مردم شماری کی شدت سے مخالفت کی تھی اب ذات پات پر مبنی مردم شماری کروانے پر راضی ہوگئی ہے۔ پہلگام واقعہ پر تمام طرح کی اعلیٰ سطحی اجلاس کے حوالے سے گودی میڈیا منظرکشی میں یعنی سماباندھنے میں لگا تھا کہ کوئی بڑا فیصلہ آنے والا ہے۔ پاکستان کو جواب دینے کیلئے بڑے فیصلہ کی تیاری ہورہی ہے اور فیصلہ آیا وہ جو پوری طرح اپوزیشن کا موضوع ہے جس کی بار بار اپوزیشن نے مانگ کی تھی۔ کیا آپ کو یاد ہیکہ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات میں وزیراعظم نریندر مودی نے ایک ہیں توسیو ہیں کا نعرہ کیوں دیا تھا؟ اس وقت تو ان سے قربت رکھنے والوں اور بی جے پی کے حامیوں کی جانب سے یہی کہا گیا کہ کانگریس کے ذات پات پر مبنی مردم شماری کے موضوع کا بی جے پی نے توڑ تلاش کرلیا ہے۔ یہ مودی کا ماسٹر اسٹروک ہے۔ اب وہی بی جے پی اور وہی مودی حکومت ذات پات پر مبنی مردم شماری کا فیصلہ اپنا بتارہی ہے۔ کیا اس کے حامی اسے بھی ماسٹر اسٹروک بتا پائیں گے؟ وزیراعظم مودی نے ایک جلسہ عام سے خطاب میں کچھ اس طرح کہا ’’آپ کو اس خطرناک سازش سے خبردار اور چوکس رہنا ہے آپ کو یاد رکھنا ہیکہ ایک ہیں توسیو ہیں ایک ہیں توسیو ہیں، انہوں نے عوام سے یہ بھی نعرہ لگانے لگایا‘‘۔ ایک ہیں توسیو ہیں کیا کہا گیا تھا اس کے بارے میں یہی کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کا یہ جواب ہے ٹھیک ہے کہ بی جے پی نے کبھی پوری طرح اس موضوع یا مسئلہ کی مخالفت نہیں کی لیکن اسے ذات پات پر مبنی مردم شماری کرانے کا پورا موقع ملا۔ اس نے تب بھی نہیں کروایا تو اب کیوں یہ فیصلہ لیا گیا کیا یہ مانا جائے کہ پہلگام حملہ کو لیکر جو ماحول بنایا گیا ہے بنایا جارہا تھا حکومت اس سے اب توجہ ہٹا کر ملک کو ذات پات پر مبنی مردم شماری کے موضوع یا مسئلہ پر لے جانا چاہتی ہے۔ تحفظات کی حد 50 فیصد سے کتنی بڑھے گی؟۔

# سندھ طاس معاہدہ کیا ھے؟

وینانائر

پہلگام دہشت گردانہ واقعہ کو لیکر ہندوستان اور پاکستان میں کشیدگی اپنی انتہاء کو پہنچ چکی ہے۔ ہندوستان نے سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کو معطل کرکے پانی بند کرنے کا اعلان کیا تھا اور یہ ایسا اقدام ہے جس سے پاکستان تلملا اُٹھا تھا۔ ویسے بھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک نہیں دو نہیں بلکہ تقریباً 40 دوطرفہ معاہدات ہیں جن میں دیکھا جائے تو ہر معاہدہ کافی اہمیت رکھتا ہے چاہے وہ تجارتی معاہدہ ہو، یا ویزوں کے حصول، جوہری اسلحہ کی فہرست کے تبادلہ، جوہری تجربات کے بارے میں قبل از وقت آگاہ کرنے سے لیکر پانی کی تقسیم سے متعلق سندھ۔ طاس معاہدہ، شملہ اور تاشقند معاہدوں اور لاہور اعلامیہ پر مشتمل ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان 40 معاہدات میں کشمیر اُمور پر باہمی تعاون و اشتراک کا معاہدہ بھی شامل ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے معاہدات میں بیلسٹک میزائل کے تجربات میں پیشگی اطلاع کا معاہدہ بھی بہت اہم ہے۔ ساتھ ہی جوہری تنصیبات پر حملہ کی ممانعت کا معاہدہ بھی اہم ہے۔ آج جس معاہدہ کی گونج سنائی دیتی ہے وہ سندھ۔ طاس معاہدہ ہے۔ فی الوقت ہر کوئی یہ جاننا چاہتا ہے کہ آخر سندھ۔ طاس معاہدہ کیا ہے؟

بی بی سی کے مطابق ہندوستان اور پاکستان نے دریائے سندھ اور معاون دریاؤں کے پانی کی تقسیم کے لئے ستمبر 1960ء میں سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کیا تھا یہ معاہدہ تقریباً 9 سال تک جاری رہے مذاکرات کے بعد عالمی بنک کی ثالثی میں طئے پایا۔ 1960ء میں ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور اس وقت کے پاکستان کے صدر جنرل ایوب خاں نے پاکستان کے اقتصادی دارالحکومت کراچی میں اُس معاہدہ پر دستخط کئے۔ سندھ۔ طاس معاہدہ کے بارے میں یہ اُمید ظاہر کی گئی تھی کہ دونوں ملک کے کسانوں کیلئے یہ معاہدہ خوشحالی لائے گا اور اُن کی ترقی کی راہ ہموار کرے گا۔ ساتھ ہی یہ معاہدہ امن خیرسگالی اور دوستی کا ضامن ہوگا۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ کئی جنگوں اور شدید اختلافات کے باوجود 60 برسوں سے یہ معاہدہ قائم ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کا سندھ۔ طاس پانی میں کیا حصہ ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ سندھ۔ طاس معاہدہ کے تحت ہندوستان کو تین دریاؤں بیاس، راوی اور ستلج کے پانی پر مکمل اختیار حاصل ہے جبکہ پاکستان کو تین مغربی دریاؤں سندھ، چناب اور جہلم کے پانی پر اختیار دیا گیا تھا تاہم ان دریاؤں کے 80 فیصد پانی پر پاکستان کا حق ہے۔ دوسری طرف ہندوستان کو دریاؤں کے بہتے پانی سے بجلی کی پیداوار کا حق ہے لیکن وہ پانی ذخیرہ کرنے یا اُس کے بہاؤ کو کم کرنے کے منصوبے نہیں بنا سکتا۔ اس کے برعکس اسے مشرقی دریاؤں یعنی راوی، بیاس اور ستلج پر کسی بھی طرح کے منصوبے بنانے کا حق حاصل ہے جس پر پاکستان اعتراض نہیں کرسکتا۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ معاہدہ کے تحت ایک مستقل سندھ۔ طاس کمیشن بھی قائم کیا گیا جو کسی متنازع منصوبے کے حل کیلئے بھی کام کرتا ہے تاہم اگر کمیشن مسئلہ کا حل نہیں نکال سکتا تو معاہدہ کے مطابق حکومتیں اسے حل کرنے کی کوشش کرسکتی ہیں۔ اس معاہدہ کی ایک خوبی یہ ہے کہ معاہدہ میں ماہرین کی مدد حاصل کرنے یا تنازعات کا حل تلاش کرنے کیلئے ثالثی عدالت میں جانے کا طریقہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔ ویسے بھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 1955، 1957 اور 1959ء میں بھی دریاؤں کے پانی کی تقسیم سے متعلق عارضی بنیادوں پر معاہدات ہوئے اور ان ہی معاہدات کی بنیاد پر سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کی راہ ہموار ہوئی تھی۔ بہرحال پہلگام دہشت گردانہ حملہ کے بعد ہندوستان نے اپنے پڑوسی پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام عائد کیا۔ ہندوستان نے اس واقعہ پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اٹاری۔ واگھا سرحدی چیک پوسٹ کو بند کرنے، پاکستانیوں کے ویزے منسوخ کرنے اور ہندوستان میں تعینات بے شمار پاکستانی عہدیداروں کو ملک سے نکل جانے کے بشمول کئی ایک سفارتی اقدامات کا اعلان کیا تاہم سب سے اہم بلکہ پاکستان کیلئے خطرناک قدم سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کو معطل کرنا تھا اور یہ ایک ایسا قدم ہے جو پاکستان کو اقتصادی طور پر ایک ایسے وقت بہت زیادہ متاثر کرسکتا ہے جب کہ اُس مسلم اکثریتی ملک کو پہلے ہی سے کئی بحرانوں کا سامنا ہے۔ خاص طور پر پاکستان کی معیشت پہلے ہی سے کمزور ہے۔ ہندوستان نے سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کو معطل کرکے ایک طرح سے پاکستان کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا۔ معتمد خارجہ وکرم مسری نے 23 اپریل کو پرزور انداز میں کہا کہ 1960ء کا سندھ۔ طاس ابی معاہدہ اُس وقت تک معطل رہے گا جب تک کہ پاکستان قابل اعتبار اور اٹل طور پر سرحد پار دہشت گردی کی تائید و حمایت سے دستبردار نہیں ہوجاتا ہے۔ جمعرات 25 اپریل کو ہندوستانی آبی وسائل کی معتمد دیباشری مکھرجی نے اپنے پاکستانی ہم منصب سید علی مرتضیٰ کو موسومہ مکتوب میں کچھ یوں کہا: ’’نیک نیتی کے ساتھ معاہدے کا احترام کرنے کی ذمہ داری ایک معاہدہ کی بنیادی حیثیت رکھتی ہے لیکن جو کچھ ہم نے دیکھا ہے اس کی بجائے پاکستان کی طرف سے جموں اور جموں مرکزی زیرانتظام علاقہ کو نشانہ بنا کر سرحد پار سے دہشت گردی کی جارہی ہے نتیجہ میں سکیورٹی کی غیریقینی صورتحال نے معاہدے کے تحت ہندوستان کے اپنے حقوق کے مکمل استعمال میں براہ راست رکاوٹیں ڈالی ہیں۔ حکومت ہند نے اس طرح فیصلہ کیا ہے کہ سندھ آبی معاہدہ 1960ء کو فوری طور پر التواء میں رکھا جائے گا‘‘۔

آزادی کے وقت جو نوتشکیل شدہ ممالک ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سرحدی حد بندی سندھ۔ طاس سے ہوتی ہوئی ہندوستان کو بالائی دریا کے طور پر اور پاکستان کو زیریں دریا کی ریاست کے طور پر چھوڑ دیا۔ آبپاشی کے دو اہم کام ایک راوی پر مادھو پور میں اور دوسرا ستلج پر فیروزپور میں جس پر پاکستان کی طرف کا پنجاب مکمل طور پر منحصر تھا۔ ہندوستانی علاقہ میں ختم ہوا اس کی وجہ سے دونوں ملکوں کے درمیان موجودہ بنیادی سہولتوں سے آبپاشی کے پانی کے استعمال پر تنازع پیدا ہوا۔ عالمی بنک برائے تعمیر نو وترقی (جواب عالمی بنک گروپ کا حصہ ہے) کی طرف سے سہولت کاری کی گئی اور بات چیت کے بعد 19 ستمبر 1960ء کو ہندوستان۔ پاکستان کے سربراہان، وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور صدر ایوب خان نے اس معاہدہ پر دستخط کئے جس کے بارے میں ہم نے سطور بالا میں آپ کو بتایا ہے۔ معاہدہ کی شقوں کے مطابق سندھ۔ طاس کا 30 فیصد حصہ ہندوستان اور ماباقی پاکستان کا ہے۔ اگرچہ یہ معاہدہ دریا کے پانی کے کنٹرول کو دونوں ملکوں کے درمیان تقسیم کرتا ہے لیکن یہ اب بھی سخت قوانین کے تحت ہر فریق کو مخصوص مقاصد جیسے زراعت یا ہائیڈرو پاور کیلئے دوسرے کے نامزد پانیوں تک محدود رسائی کی اجازت دیتا ہے۔ پاکستان کے اقتصادی سروے 2024ء کے مطابق اس کی جی ڈی پی میں زراعت کا حصہ 23 فیصد ہے جبکہ روزگار 4.7 فیصد حصہ ادا کرتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ پاکستان کی آبادی کی اکثریت کا انحصار براہ راست اور بالواسطہ طور پر زراعت پر ہے۔ پاکستان زراعت اور دریاؤں جہلم، چناب، راوی، بیاس اور ستلج سے بجلی کی کھپت پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے۔ اس کے پاس پانی کا کوئی متبادل ذریعہ نہیں ہے۔ پاکستان پہلے ہی مہنگائی اور کمزور معیشت کی زد میں ہے۔ معاہدہ کو معطل کرنے سے بحران مزید بڑھ جائے گا لیکن معاہدہ کی معطلی کا پاکستان پر فوری اثر نہیں پڑے گا اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان بالائی دریا سے جبکہ پاکستان نچلی دریا ہے۔ اگرچہ ہندوستان دریاؤں کے بہاؤ کو کنٹرول کرتا ہے لیکن وہ مشنری کی کمی کی وجہ سے پانی کو موڑ نہیں سکتا یا ذخیرہ نہیں کرسکتا۔ مزید براں یہ کہ مئی اور ستمبر کے درمیان سالانہ گلیشیرس پگھلنے سے پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوتا ہے جو ابھی جاری رہیگا۔

کیا ہندوستان معاہدہ منسوخ کرسکتا ہے؟ اس کا آسان الفاظ میں جواب ہے نہیں! سندھ۔ طاس آبی معاہدہ میں کوئی ایگزٹ کی شق نہیں ہے باالفاظ دیگر نہ تو ہندوستان اور نہ ہی پاکستان اسے قانونی طور پر یکطرفہ طور پر منسوخ کرسکتے ہیں۔ معاہدہ میں صرف باہمی رضامندی سے ترمیم کی جاسکتی ہے۔ پاکستانی وکیل احمر بلال صوفی نے الجزیرہ کو بتایا کہ معاہدہ کو معطل کرکے ہندوستان نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے جہاں بالائی دریا زیریں دریا کو پانی کے بہاؤ کو من مانی طور پر نہیں روک سکتا۔ ویسے بھی سندھ۔ طاس معاہدہ کی معطلی ایسے وقت ہوئی جب ہندوستان گزشتہ تین برسوں سے پاکستان پر سندھ طاس معاہدہ پر ترمیم کیلئے دباؤ ڈال رہا ہے۔ ایک اور بات یہ ہیکہ نئے ڈیم بنا کر مغربی دریاؤں (جہلم، چناب اور سندھ) میں آبی وسائل حاصل کرنے میں ہندوستان کا ہاتھ ہوگا اس کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اس طرح خطہ میں طاقت کے توازن کو ممکنہ طور پر تبدیل کردیا جائے گا۔ پہلگام دہشت گردانہ واقعہ کو لیکر ہندوستان اور پاکستان میں کشیدگی اپنی انتہاء کو پہنچ چکی ہے۔ ہندوستان نے سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کو معطل کرکے پانی بند کرنے کا اعلان کیا ہے اور یہ ایسا اقدام ہے جس سے پاکستان تلملا اُٹھا ہے۔ ویسے بھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک نہیں دو نہیں بلکہ تقریباً 40 دوطرفہ معاہدات ہیں جن میں دیکھا جائے تو ہر معاہدہ کافی اہمیت رکھتا ہے چاہے وہ تجارتی معاہدہ ہو، یا ویزوں کے حصول، جوہری اسلحہ کی فہرست کے تبادلہ، جوہری تجربات کے بارے میں قبل از وقت آگاہ کرنے سے لیکر پانی کی تقسیم سے متعلق سندھ۔ طاس معاہدہ، شملہ اور تاشقند معاہدوں اور لاہور اعلامیہ پر مشتمل ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان 40 معاہدات میں کشمیر اُمور پر باہمی تعاون و اشتراک کا معاہدہ بھی شامل ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے معاہدات میں بیلسٹک میزائل کے تجربات میں پیشگی اطلاع کا معاہدہ بھی بہت اہم ہے۔ ساتھ ہی جوہری تنصیبات پر حملہ کی ممانعت کا معاہدہ بھی اہم ہے۔ آج جس معاہدہ کی گونج سنائی دیتی ہے وہ سندھ۔ طاس معاہدہ ہے۔ فی الوقت ہر کوئی یہ جاننا چاہتا ہے کہ آخر سندھ۔ طاس معاہدہ کیا ہے؟ بی بی سی کے مطابق ہندوستان اور پاکستان نے دریائے سندھ اور معاون دریاؤں کے پانی کی تقسیم کے لئے ستمبر 1960ء میں سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کیا تھا یہ معاہدہ تقریباً 9 سال تک جاری رہے مذاکرات کے بعد عالمی بنک کی ثالثی میں طئے پایا۔ 1960ء میں ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور اس وقت کے پاکستان کے صدر جنرل ایوب خاں نے پاکستان کے اقتصادی دارالحکومت کراچی میں اُس معاہدہ پر دستخط کئے۔ سندھ۔ طاس معاہدہ کے بارے میں یہ اُمید ظاہر کی گئی تھی کہ دونوں ملک کے کسانوں کیلئے یہ معاہدہ خوشحالی لائے گا اور اُن کی ترقی کی راہ ہموار کرے گا۔ ساتھ ہی یہ معاہدہ امن خیرسگالی اور دوستی کا ضامن ہوگا۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ کئی جنگوں اور شدید اختلافات کے باوجود 60 برسوں سے یہ معاہدہ قائم ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کا سندھ۔ طاس پانی میں کیا حصہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ سندھ۔ طاس معاہدہ کے تحت ہندوستان کو تین دریاؤں بیاس، راوی اور ستلج کے پانی پر مکمل اختیار حاصل ہے جبکہ پاکستان کو تین مغربی دریاؤں سندھ، چناب اور جہلم کے پانی پر اختیار دیا گیا تھا تاہم ان دریاؤں کے 80 فیصد پانی پر پاکستان کا حق ہے۔ دوسری طرف ہندوستان کو دریاؤں کے بہتے پانی سے بجلی کی پیداوار کا حق ہے لیکن وہ پانی ذخیرہ کرنے یا اُس کے بہاؤ کو کم کرنے کے منصوبے نہیں بنا سکتا۔

اس کے برعکس اسے مشرقی دریاؤں یعنی راوی، بیاس اور ستلج پر کسی بھی طرح کے منصوبے بنانے کا حق حاصل ہے جس پر پاکستان اعتراض نہیں کرسکتا۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ معاہدہ کے تحت ایک مستقل سندھ۔ طاس کمیشن بھی قائم کیا گیا جو کسی متنازع منصوبے کے حل کیلئے بھی کام کرتا ہے تاہم اگر کمیشن مسئلہ کا حل نہیں نکال سکتا تو معاہدہ کے مطابق حکومتیں اسے حل کرنے کی کوشش کرسکتی ہیں۔ اس معاہدہ کی ایک خوبی یہ ہے کہ معاہدہ میں ماہرین کی مدد حاصل کرنے یا تنازعات کا حل تلاش کرنے کیلئے ثالثی عدالت میں جانے کا طریقہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔ ویسے بھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 1955، 1957 اور 1959ء میں بھی دریاؤں کے پانی کی تقسیم سے متعلق عارضی بنیادوں پر معاہدات ہوئے اور ان ہی معاہدات کی بنیاد پر سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کی راہ ہموار ہوئی تھی۔ بہرحال پہلگام دہشت گردانہ حملہ کے بعد ہندوستان نے اپنے پڑوسی پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام عائد کیا۔ پہلگام دہشت گردانہ واقعہ کو لیکر ہندوستان اور پاکستان میں کشیدگی اپنی انتہاء کو پہنچ چکی ہے۔ ہندوستان نے سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کو معطل کرکے پانی بند کرنے کا اعلان کیا تھا اور یہ ایسا اقدام ہے جس سے پاکستان تلملا اُٹھا تھا۔ ویسے بھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک نہیں دو نہیں بلکہ تقریباً 40 دوطرفہ معاہدات ہیں جن میں دیکھا جائے تو ہر معاہدہ کافی اہمیت رکھتا ہے چاہے وہ تجارتی معاہدہ ہو، یا ویزوں کے حصول، جوہری اسلحہ کی فہرست کے تبادلہ، جوہری تجربات کے بارے میں قبل از وقت آگاہ کرنے سے لیکر پانی کی تقسیم سے متعلق سندھ۔ طاس معاہدہ، شملہ اور تاشقند معاہدوں اور لاہور اعلامیہ پر مشتمل ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان 40 معاہدات میں کشمیر اُمور پر باہمی تعاون واشتراک کا معاہدہ بھی شامل ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے معاہدات میں بیلسٹک میزائل کے تجربات میں پیشگی اطلاع کا معاہدہ بھی بہت اہم ہے۔ ساتھ ہی جوہری تنصیبات پر حملہ کی ممانعت کا معاہدہ بھی اہم ہے۔ آج جس معاہدہ کی گونج سنائی دیتی ہے وہ سندھ۔ طاس معاہدہ ہے۔ فی الوقت ہر کوئی یہ جاننا چاہتا ہے کہ آخر سندھ۔ طاس معاہدہ کیا ہے؟ بی بی سی کے مطابق ہندوستان اور پاکستان نے دریائے سندھ اور معاون دریاؤں کے پانی کی تقسیم کے لئے ستمبر 1960ء میں سندھ۔ طاس آبی معاہدہ کیا تھا یہ معاہدہ تقریباً 9 سال تک جاری رہے مذاکرات کے بعد عالمی بنک کی ثالثی میں طئے پایا۔ 1960ء میں ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور اس وقت کے پاکستان کے صدر جنرل ایوب خاں نے پاکستان کے اقتصادی دارالحکومت کراچی میں اُس معاہدہ پر دستخط کئے۔ سندھ۔ طاس معاہدہ کے بارے میں یہ اُمید ظاہر کی گئی تھی کہ دونوں ملک کے کسانوں کیلئے یہ معاہدہ خوشحالی لائے گا اور اُن کی ترقی کی راہ ہموار کرے گا۔ ساتھ ہی یہ معاہدہ امن خیرسگالی اور دوستی کا ضامن ہوگا۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ کئی جنگوں اور شدید اختلافات کے باوجود 60 برسوں سے یہ معاہدہ قائم ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کا سندھ۔ طاس پانی میں کیا حصہ ہے؟

روزنامہ
حقیقت ٹائمس
مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# سپریم کورٹ سے للت مودی کی درخواست مسترد



نئی دہلی، 30 جون (یواین آئی) سپریم کورٹ نے پیر کو آئی پی ایل کے سابق چیئرمین للت مودی کی درخواست کو مسترد کر دیا۔ درخواست میں للت نے بی سی سی آئی سے 65.10 کروڑ روپے جرمانہ ادا کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ جرمانہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے فارن ایکسچینج مینجمنٹ ایکٹ (فیما) کی خلاف ورزی کے الزام میں ان پر عائد کیا تھا۔ جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس آر مہادیون کی بنچ نے مودی کی درخواست کو قابل سماعت نہ سمجھا اور کہا کہ "اس معاملے میں للت مودی چاہیں تو سول کورٹ میں قانونی راستہ اختیار کر سکتے ہیں، لیکن بی سی سی آئی پر کوئی براہ راست حکم جاری نہیں کیا جاسکتا۔"

واضح رہے کہ سال 2009 آئی پی ایل کا انعقاد جنوبی افریقہ میں کیا گیا تھا۔ اس دوران ای ڈی نے آئی پی ایل کو منتقل کرنے کے دوران ہونے والے لین دین کے سلسلے میں للت مودی پر 65.10 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا تھا۔ ان پر فیما (فارن ایکسچینج مینجمنٹ ایکٹ) کی خلاف ورزی کا الزام لگایا گیا تھا۔ اس کے خلاف مودی نے بمبئی ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھی۔ انہوں نے دلیل دی تھی کہ آئی پی ایل چیئرمین اور بی سی سی آئی کے نائب صدر کے طور پر انہوں نے جو بھی اقدامات کیے، اس کے اخراجات اور نقصانات بی سی سی آئی کو برداشت کرنے چاہئیں، کیونکہ بورڈ کے ضابطے میں اس کا پروژن موجود ہے۔ سپریم کورٹ نے پیر کو آئی پی ایل کے سابق چیئرمین للت مودی کی درخواست کو مسترد کر دیا۔ درخواست میں للت نے بی سی سی آئی سے 65.10 کروڑ روپے جرمانہ ادا کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

# بیڈمنٹن: آیوش شیٹی نے یو ایس اوپن کا خطاب جیت لیا




آیووا، 30 جون (یواین آئی) ہندوستان کے آیوش شیٹی نے یو ایس اوپن 2025 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں کینیڈا کے برائن یانگ کو مردوں کے سنگلز میں شکست دے کر بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور کا خطاب اپنے نام کرلیا۔ کونسل بلفس میں اتوار کو کھیلے گئے مقابلے میں عالمی درجہ بندی میں 34ویں نمبر پر موجود اور چوتھی سیڈ یافتہ آیوش نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بیڈمنٹن رینکنگ میں 33ویں پوزیشن پر موجود برائن یانگ کو 47 منٹ تک جاری رہنے والے میچ میں براہ راست سیٹوں میں 21-18، 21-13 سے شکست دی۔ یہ آیوش شیٹی کی برائن یانگ کے خلاف لگاتار تیسری فتح ہے۔ یہ 2025 میں بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور پر کسی ہندوستانی بیڈمنٹن کھلاڑی کی پہلی خطابی جیت ہے۔

ٹائٹل جیتنے کے بعد 20 سالہ شیٹی نے کہا، یہ بہت اہمیت رکھتا ہے کہ سینئر سرکٹ میں میرا یہ پہلا خطاب ہے۔ اس لیے میں واقعی پر جوش ہوں۔ میں نے یہاں شاندار بیڈمنٹن کھیلا اور میں اگلے ہفتے کینیڈا اوپن کا انتظار کر رہا ہوں۔"

دریں اثنا، خواتین کے سنگلز کے فائنل میں 16 سالہ تنوی شرما، امریکہ کی ٹاپ سیڈ اور اولمپین بیون ژانگ سے ہار گئیں۔ پہلا میچ ہارنے کے بعد تنوی شرما نے دوسرے میچ میں واپسی کرتے ہوئے گیم کو تیسرے میچ تک لے جانے میں کامیاب رہی تاہم، ہندوستانی بیڈمنٹن کھلاڑی آخری میچ ہار گئی۔ رینکنگ میں 21ویں پوزیشن پر موجود بیون ژانگ نے تنوی کو 46 منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے میں 21-11، 16-21، 21-10 سے شکست دی۔ ہار کے باوجود تنوی شرما نے بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور فائنل میں پہنچنے والی سب سے کم عمر ہندوستانی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی۔ ہندوستان کے بیڈمنٹن کھلاڑی اب منگل سے شروع ہونے والے کینیڈا اوپن میں مقابلہ کرتے نظر آئیں گے۔ ہندوستان کے آیوش شیٹی نے یو ایس اوپن 2025 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں کینیڈا کے برائن یانگ کو مردوں کے سنگلز میں شکست دے کر بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور کا خطاب اپنے نام کرلیا۔

# شان ولیمز کی سنچری نے زمبابوے کو فالوآن سے بچایا

بلاوایو، (یواین آئی) شان ولیمز (137) کی سنچری اور کپتان کریگ ایروین (36) کی جدوجہد سے پر اننگز کی بدولت زمبابوے نے پہلے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن اتوار کو جنوبی افریقہ کے خلاف 251 رن بنا کر فالوآن کو ٹال دیا۔ اسٹمپ کے وقت جنوبی افریقہ نے دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 49 رن بنا لیے ہیں اور پہلی اننگز کی بنیاد پر اس کی سبقت 216 رن ہو گئی ہے۔ جنوبی افریقہ نے اپنی پہلی اننگز نو وکٹ پر 418 رن بنا کر ڈیکلیئر کردی تھی۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آنے والی زمبابوے کا آغاز اچھا نہ رہا اور جلد ہی ٹی کیٹانو (صفر) اور نک ویلچ (چار) کی وکٹیں گنوا دیں۔ بینیٹ کے زخمی ہونے کے بعد ٹیم مشکل میں پڑ گئی تاہم تجربہ کار کھلاڑیوں سین ولیمز اور کریگ اروین نے اننگز کو سنبھالا۔ اس دوران اوپنر برائن بینیٹ کو میدان پر چوٹ لگ جانے کی وجہ سے بلاوایو ٹیسٹ سے باہر ہونا پڑا۔ اوپنر برائن بینیٹ نے آٹھویں اوور میں ریٹائرڈ ہرٹ ہونے سے قبل 28 گیندوں میں 19 رن بنائے۔ بینیٹ کو چھٹے اوور میں کوینا مفاکا کی گیند کو ہک کرنے کی کوشش میں معمولی چوٹ لگی اور انہیں میدان چھوڑنا پڑا۔ اس کے بعد شان ولیمز اور کریگ ایروین نے اننگز کو سنبھالا اور لنچ تک ٹیم کا اسکور دو وکٹو پر 94 رن تک پہنچا دیا۔ لنچ کے بعد زمبابوے کی تیسری وکٹ کپتان کریگ ایروین (36) کی صورت میں گری۔ اس کے بعد زمبابوے کا کوئی بھی بلے باز جنوبی افریقہ کے باؤلنگ اٹیک کے سامنے نہ ٹک سکا۔ ویسلے مادھویرے (15) رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اس دوران شان ولیمز نے ایک اینڈ تھام کر اپنی سنچری مکمل کی۔ شان ولیمز نے 164 گیندوں پر 16 چوکوں کی مدد سے (136) رن کی اہم اننگز کھیلی۔ انہیں کیشو مہاراج نے آؤٹ کیا۔ جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 67.4 اووروں میں 251 رن پر سمیٹ دیا۔ تاہم اس دوران زمبابوے نے فالو آن کو ٹال دیا۔ ونسنٹ ماسکیسا (11) رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے وین مولڈر نے چار وکٹ حاصل کیں۔

# معمر خاتون نے لیونل میسی کو شادی کی پیشکش کی




بیونس آئرس، 30 جون (یواین آئی) فٹبال کے عظیم کھلاڑی لیونل میسی کی مداح 98 سالہ معمر خاتون نے انہیں شادی کی پیشکش کی ہے۔ فٹبال کے عظیم کھلاڑی لیونل میسی کے مداح دنیا بھر میں موجود ہیں، مگر اس بار ان کی ایک 98 سالہ پُرجوش فین نے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی۔ 'گینگسٹر گرینی' کے لقب سے مشہور بزرگ خاتون نے میسی سے شادی کی دلچسپ پیشکش کر کے اس لمحے کو اسٹیڈیم اور سوشل میڈیا پر یادگار بنا دیا۔

یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب انٹر میامی فیفا کلب ورلڈ کپ کے گروپ اسٹیج کے آخری میچ میں پالمیراس کے مدمقابل تھی۔ میچ کے آغاز سے قبل میسی وارم اپ کر رہے تھے، ان کی نظر ایک منفرد بینر پر پڑی جس پر جاذبِ نظر الفاظ تحریر تھے کہ 'میسی، کیا آپ مجھ سے شادی کریں گے؟' یہ پیغام کسی نوجوان مداح کا نہیں بلکہ 98 سالہ پالین کینا کا تھا، جنہیں ان کے مداح 'گینگسٹر گرینی' کے نام سے جانتے ہیں۔ بینر پر لکھی بات پڑھ کر میسی مسکراتے نظر آئے۔

اگرچہ انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے نہایت مہذب انداز میں انکار کیا، لیکن ان کے چہرے کے تاثرات بدل گئے۔ پالین کینا صرف ایک عام گرینی نہیں بلکہ سوشل میڈیا اسٹار بھی ہیں، وہ اکثر اپنے نواسے راس اسمتھ کے ہمراہ مختلف اسپورٹس ایونٹس میں شرکت کرتی ہیں۔ 'گینگسٹر گرینی' اپنی حاضر دماغی اور زندہ دلی سے سب کا دل موہ لیتی ہیں۔

## اسپین اور نیدرلینڈ نے فیبا 3x3 ورلڈکپ کا خطاب جیتا

اولانباتور، 30 جون (یواین آئی) اسپین اور نیدرلینڈز کی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3x3 باسکٹ بال ورلڈ کپ (فیبا) 2025 میں مردوں اور خواتین کے زمرے کے خطاب جیت لیے ہیں۔ منگولیا کی 3x3 باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے مطابق اتوار کے روز کھیلے گئے مردوں کے زمرے کے فائنل مقابلے میں اسپین کی ٹیم نے سوئزرلینڈ کو 21-17 سے شکست دی۔ جبکہ خواتین کے زمرے میں نیدرلینڈ نے میزبان منگولیا کو 15-9 سے شکست دی۔ مردوں کے کانسہ کے تمغہ مقابلے میں سربیا نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے جرمنی کو 21-16 سے شکست دی۔ خواتین کے زمرے میں کینیڈا نے پولینڈ کو 21-9 سے ہرا کر کانسے کا تمغہ جیت لیا ہے۔ 23 سے 29 جون تک جاری رہنے والے اس باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے نویں ایڈیشن میں مختلف ممالک اور خطوں کی 20 مردوں اور 20 خواتین کی ٹیموں نے حصہ لیا ہے۔

# گیتھو انا جوز: باسکٹ بال کی ایک حقیقی لیجنڈ کھلاڑی

نئی دہلی، 30 جون (یواین آئی) کچھ کھیل ایسے ہوتے ہیں جن میں انسانی جسامت، قوت، جذبہ، لگن، بہت اہمیت کی حامل ہوتے ہے۔ مضبوط اعصاب، تیز ذہن، لمبا قد، چستی، بدن کا ہر وقت فٹ رہنا، یہ سب باتیں ایک کامیاب کھلاڑی کے لئے بہت سودمند ہو سکتی ہیں۔ گیتھو انا جوز ایک ہندوستانی باسکٹ بال کھلاڑی ہیں جو ہندوستان کی خواتین کی قومی باسکٹ بال ٹیم کی کپتان رہ چکی ہیں۔ گیتھو انا جوز ہندوستانی باسکٹ بال کا ایک بڑا نام ہے۔ وہ ایک ایسا سمبل ہیں جسے بہت سے حریفوں نے ٹکر دی لیکن اس حوصلہ مند خاتون باسکٹ کھلاڑی کو شکست نہیں دے سکے۔ آج گیتھو جوز بھلے ہی ہندستان کی ایک سابق باسکٹ پلیئر ہیں لیکن وہ قومی منظرنامے پر آئیں اور تیزی سے شہرت پانے والی بن گئیں۔ اپنے بہتر مستقبل کے لئے انہوں نے سخت محنت کر کے اپنا راستہ ہموار پہلے ہی کرلیا تھا۔ ہندوستانی باسکٹ بال کھلاڑی گیتھو انا جوز ایک گیم چینجر تھیں۔ ان کی اسکورنگ کی صلاحیت غیر معمولی تھی۔ ان کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ انہوں نے ہمیشہ اہم لمحات میں ٹیم کے لئے سودمند قدم اٹھائے۔ ہندوستانی باسکٹ بال پر گیتھو کا اثر ناقابل تردید ہے۔ کورٹ میں ان کی موجودگی بہت بہتر نظر آتی تھی۔ گیتھو میں کھیل کو سمجھنے اور دانشمندانہ فیصلے کرنے کی حیرت انگیز صلاحیت موجود تھی۔ گیتھو ایک حقیقی لیجنڈ کھلاڑی ہیں۔ باسکٹ بال کے لیے ان کا جنون متعدی ہے اور ان کی مہارتیں ناقابل یقین ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ ہر کھیل اور مشق میں اپنی سو فیصد کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ وہ باسکٹ بال کے تمام خواہشمند کھلاڑیوں کے لیے ایک رول ماڈل سمجھی جاتی ہیں۔ گیتھو کی کھیل کے لیے ان کی لگن بے مثال ہے۔ انہوں نے ہمیشہ خود کو اور ٹیم کو بہتر بنانے کے لیے آگے بڑھایا۔ ان کی اسکور کرنے کی صلاحیت غیر معمولی تھی جس نے سب کو متاثر کیا۔ کورٹ کے اندر اور باہر ان کی قیادت سے دوسرے کھلاڑیوں نے بہت کچھ سیکھا۔

گیتھو انا جوس 30 جون 1985 کو ہندوستان کے کوٹائم کیرالہ میں پیدا ہوئیں۔ باسکٹ بال ان کا جنون اور ان کی زندگی رہا، جو ان کے کھیل کی محبت سے واضح ظاہر ہوتا ہے۔ جوز نے ہمیشہ خود پر یقین رکھا۔ انہوں نے اپنے مصمم ارادے سے جو چاہا وہ حاصل کیا۔ انہوں نے ہر کھیل کو ایک نیا چیلنج قبول کرتے ہوئے کھیلا۔ یہی نہیں انہوں نے نوجوان لڑکیوں کو اس کھیل میں حصہ لینے کی ہمیشہ ترغیب دی۔ جوز، جن کا قد 6 فٹ 2 انچ لمبا ہے، 2006 سے 2008 کے آسٹریلوی بگ وی سیزن میں رنگ ووڈ ہاکس کے لیے کھیلیں، وہ پہلی ہندوستانی خاتون باسکٹ بال کھلاڑی ہیں جو آسٹریلیا کے کلب کے لیے بطور پیشہ ور کھیل چکی ہیں۔ 2008 کے سیزن میں انہیں آسٹریلین ویمنز نیشنل باسکٹ بال لیگ میں ڈینڈینونگ کی طرف سے کھیلنے کے لیے مدعو کیا گیا تھا، لیکن انہوں نے اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔ اس کے بعد اپریل 2011 میں ڈبلیو این بی اے کی ٹیموں، شکاگو اسکائی، لاس اینجلس اسپارکس، اور سان انتونیو سلور اسٹارز نے انہیں آزمانے کے لیے مدعو کیا۔ جون 2012 میں، جوز نے ہائیانگ میں ہونے والے تیسرے ایشین بیچ گیمز کے فائنل میں 11 پوائنٹس حاصل کیے، جس سے ہندوستان کو چین کے خلاف 17-14 سے فتح حاصل کرنے میں مدد ملی۔ جاپان میں منعقدہ 2005 کی ایشین باسکٹ بال کنفیڈریشن چیمپئن شپ برائے سینئر خواتین میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ سال 2005 کے ٹورنامنٹ میں سب سے قیمتی کھلاڑی، بہترین کھلاڑی، ٹاپ اسکورر، ٹاپ ریباؤنڈر اور مقبول ترین کھلاڑی کے طور پر منتخب کیا گیا۔ یہ تقریب فوکٹ میں منعقد کی گئی تھی۔ سال 2006 کے کامن ویلتھ گیمز میں سب سے قیمتی کھلاڑی کا ایوارڈ، ٹاپ اسکورر کا ایوارڈ، ریباؤنڈر اور بہترین شاٹ بلاکر کا ایوارڈ جیتا تھا۔ یہ تقریب آسٹریلیا میں منعقد ہوئی۔ جنوبی کوریا کے انچیون میں منعقدہ 2007 فیبا ایشیا چیمپیئن شپ برائے خواتین میں پول-بی میں جیتا خطاب جیتا۔ سال 2006 میں پہلی فوکٹ انٹرنیشنل انویٹیشنل باسکٹ بال چیمپیئن شپ میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔ یہ تھائی لینڈ میں منعقد ہوئی۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD. ™
NABL
ISO 9001:2015 CERTIFIED

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories

CERTIFICATE OF ACCREDITATION

SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

has been assessed and accredited in accordance with the standard

ISO/IEC 17025:2017

"General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories"

for its facilities at

KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA

in the field of

TESTING

Certificate Number: TC-9200
Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023

This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL.
(To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)


Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

Signed for and on behalf of NABL

N. Venkateswaran
Chief Executive Officer


SPT


TOPOGRAPHICAL SURVEY


SLUMP CONE TEST


PILE LOAD TEST


CTM MACHINE

**Consult for** Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

**Our Reputed Clients are :**
- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)

Contact No. : +91 9931688703, 0612 - 2379795
e-mail : soiltech.patna@gmail.com

NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.

Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.

Glenmark


Dr S B Ahmad

आपके अपने महत्वपूर्ण नंबर जानना हमेशा अच्छा होता है !

इस
World Hypertension Day,

चलिये नीचे दिए गए तरीकों से प्रभावी 'उच्च-रक्तचाप प्रबंधन' का अभ्यास करें :

रक्तचाप की सटीक निगरानी करना सीखकर
रक्तचाप को नियंत्रित करके
एक स्वस्थ जीवन शैली को अपनाकर

A Glenmark intiative
To start A Powerful Remolution

DOCTOR
Dr. Bikas Sourabh
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222

मरीज देखने का समय :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायगनास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )
OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh, Patna 800 020

Sparkling Smile Dental Care
स्पार्कलिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi